کل نمبر:25 **اُردو(چہارم)ٹیسٹ نمبر1** **وقت:25منٹ**

پہلا مہینا، تیسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (تیسرا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(12)**

1۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بات کرتے:

(الف)	واضح	(ب)	مختصر	(ج)	جامع	(د)	تمام درست

2۔ درست اعراب والا لفظ ہے:

(الف)	تَشْبِیہ	(ب)	تِشْبِیہ	(ج)	تُشْبِیہ	(د)	تِشْبَیہ

3۔ ''کسی کی غیر موجودگی میں اُس کے بارے میں بُری بات کرنا ہے'' معنی کے لحاظ سے لفظ کی نشان دہی کریں:

(الف)	خصلت	(ب)	غیبت	(ج)	نصیحت	(د)	وصیت

4۔ ''اے رب! ان لوگوں میں خود انھی کی قوم میں سے ایک رسول بھیج دیجیے جو انھیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے'' یہ دُعا تھی:

(الف)	حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی	(ب)	حضرت یعقوب علیہ السّلام کی
(ج)	حضرت زکریا علیہ السّلام کی	(د)	حضرت نوح علیہ السّلام کی

5۔ ''یہ زبان سب سے زیادہ _____ ہے۔'' جملہ مکمل کریں۔

(الف)	میٹھی	(ب)	خطرناک	(ج)	مناسب	(د)	شائستہ

6۔ ''ٹال'' سے علامت ''ط'' ہٹا کر نیچے نقطہ لگانے سے لفظ بنے گا:

(الف)	بال	(ب)	پال	(ج)	تال	(د)	جال

7۔ ''روزانہ قرآنِ مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔'' جملے میں اسم معرفہ ہے:

(الف)	تلاوت	(ب)	روزانہ	(ج)	چاہیے	(د)	قرآن مجید

8۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی گفت گو کی خاص بات کیا تھی؟

(الف)	واضح	(ب)	مختصر اور مکمل	(ج)	نہایت صاف	(د)	تمام درست

9۔ دیے گئے الفاظ میں سے اسم نکرہ کی نشان دہی کریں:

(الف)	فرحان	(ب)	بابِ خیبر	(ج)	دریا	(د)	مظفر آباد

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 11,10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی تعلیم میں ایک خاص بات یہ تھی کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی گُفت گو نہایت صاف اور واضح ہوتی۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مختصر اور جامع بات کرتے۔ الفاظ کم مگر پُر اثر ہوتے، مثلاً آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

☆ بہترین علم وہ ہے جو نفع بخش ہو۔ ☆ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

☆ اللہ کی قسم! وہ مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو۔

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے لہجے میں محبت اور دِل سوزی ہوتی۔ آپ میٹھی باتیں کرتے جو دل پر اثر کرتیں اور سننے والا عمل کے لیے تیار ہو جاتا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کبھی ایسی بات نہیں کرتے تھے جس سے کسی کو تکلیف پہنچے اور اسے غصہ آئے۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	مثالی معلم	(ب)	رائے کا احترام
(ج)	آتے ہیں جو کام دوسروں کے	(د)	نیا کمپیوٹر

11۔ عبارت کے مطابق آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے لہجے میں ہوتی تھی:

(الف)	محبت	(ب)	دل سوزی	(ج)	رحم دلی	(د)	b,a دونوں

12۔ بہترین علم وہ ہے جو ہو:

(الف)	نفع بخش	(ب)	مؤثر	(ج)	بہترین	(د)	عمدہ

حصہ دوم

(7)

سوال نمبر1: ''ایمان داری اچھی صفت ہے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

حصہ سوم

سوال نمبر1: پرنسپل کے نام ضروری کام کے لیے درخواست لکھیں۔ **(6)**